Ref: GSPL/PR/25/14/027
Date: 14/09/2025

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

گروسیف نے پہلا ISO سرویلینس آڈٹ کامیابی سے مکمل کرلیا

پیشہ ورانہ صحت، حفاظت اور ماحولیات (HSE) اور فائر سیفٹی کے شعبہ جات میں تربیت اور مشاورت کے حوالے سے معروف گروسیف نے پہلے ISO سرویلنس آڈٹ میں کامیابی حاصل کرلی ہے، جس سے اعلیٰ بین الاقوامی معیارات اور آپریشنل کارکردگی کے حوالے سے ادارے کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔

ادارے نے ISO 9001 (کوالٹی مینجمنٹ سسٹم)، ISO 14001 (انوائرمنٹل مینجمنٹ سسٹم)، اور ISO 45001 (آکیوپیشنل ہیلتھ اینڈ سیفٹی مینجمنٹ سسٹم) میں سرٹیفیکیشنز کامیابی سے برقرار رکھے۔

گروسیف نے حال ہی میں امریکی ادارے ایگزیمپلر گلوبل کی جانب سے ریکوگنائزڈ ٹریننگ پرووائڈر (آر ٹی پی) کا اعزاز حاصل کیا، جس کے بعد وہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم کردہ ISO لیڈ آڈیٹر کورسز کا انعقاد کرسکتا ہے۔

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ ادارہ پہلے ہی سے پیشہ ورانہ کارکردگی اور سماجی ذمداری کے جرمن طریقہ کار، ڈائیلاگ فار سسٹین ابیلیٹی (DfS) میں سرٹیفیکیشن کے ساتھ ساتھ برطانوی OfQual انڈورسڈ انٹرنیشنل ڈپلومہ اِن سیفٹی انجینئرنگ (IDSE) کا انعقاد بھی کرسکتا ہے۔

تربیت، کنسلٹنسی، کمپلائنس اور مختلف پروجیکٹس کے لیے خصوصی خدمات میں متحرک شناخت کا حامل گروسیف پاکستان میں پیشہ ورانہ حفاظت، ماحولیاتی انتظام اور سسٹین ابیلیٹی میں مصروفِ عمل، قابلِ اعتماد اور جدت کے حامل اداروں میں سے ایک ہے۔

بشکریہ،

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا
Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED MEDIA DEPARTMENT